RAMPUR GAZETTE

رامپور گزٹ

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد ۲	روز دوشنبہ تاریخ ۳۱ مارچ ۱۸۹۰ء مطابق ۹ شعبان ۱۳۰۷ھ	نمبر ۱۳

احکام ریونیو ممبر کونسل

اضافہ

۲۲ مارچ ۱۸۹۰ء - جگہ محرری بحر کاروانہ صدر کا اکروپیہ ماہوار اضافہ ہوا

تقرر

۲۲ مارچ ۱۸۹۰ء - شیخ عبد الغنی کا تقرر بشاہرہ پانچروپیہ ماہوار بعہدہ ... مطابق ... بالعوض سید ... سجاد ... منتقل شدہ کے بطور قائم مقام ...

رخصت

۲۴ مارچ ۱۸۹۰ء - رام غلام گرداور ... تحصیل ... کی تین مہینہ کی رخصت بلا وضع تنخواہ منظور ہوئی -

۲۴ مارچ ۱۸۹۰ء - محمد حسن اسد خان منصرم تحصیل بلاسپور کی تین مہینے کی رخصت منظور ہوئی اور محمد ابراہیم خان بجائے

نام مضمون

فہرست مضامین

نمبر شمار	فہرست مضامین	صفحہ
۱	احکام ریونیو ممبر کونسل -	۱ و ۲
۲	روبکار اجلاس صاحب والا پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۳ مارچ ۱۸۹۰ء	۲
۳	روبکار اجلاس صاحب والا پریزیڈنٹ بہادر واقع ۲۴ مارچ ۱۸۹۰ء	۲ و ۳
۴	روبکار اجلاس صاحب والا پریزیڈنٹ بہادر ... واقع ۲۰ مارچ ۱۸۹۰ء	۳
۵	روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۲۲ مارچ ۱۸۹۰ء	۴
۶	روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقع ۵ مارچ ۱۸۹۰ء	۵
۷	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۵ مارچ ۱۸۹۰ء	۵
۸	روبکار اجلاس ایضاً واقع ۲۵ مارچ ۱۸۹۰ء	۵
۹	روئداد جلسہ کمیٹی تحصیل شاہ آباد منعقدہ ۱۴ مارچ ۱۸۹۰ء	۶ تا ۸
۱۰	نقشہ جات وممات -	۸
۱۱	نرخنامہ اجناس -	۸
۱۲	اشتہار نرخ کتب ... موجودہ مطبع سرکاری	۸

سپہ بیورکٹ سرا

احسن اللہ خان مقرر ہوئے سو اختیارات احسن اللہ خان کو حاصل ہے
وہی محمد ابراہیم خان کو حاصل ہونگے۔ اور وہی تنخواہ ملیگی۔ آگے اس
عہدہ پر آزمائش کیجاوے۔ اور گرداور صفائی کا کام صاحبزادہ
سعادت یار خان انجام دینگے۔

روبکار اجلاس جنرل محمد اعظم الدینخان صاحب بہادر
سنہ ۱۸۹۰ء
وائس پریزیڈنٹ ریاست ٹونک مؤرخہ ۲۲ مارچ

ولکنشا پارک میں اور نیز شہر میں جو جدید سڑکیں نکالی گئی ہیں اونکی نسبت
پیشتر اعلان کردیا گیا ہے کہ بیل گاڑیاں اوپر نہ چلیں اور نیز اون سڑکوں پر جو
تختیاں آویزان کردی گئی ہیں مگر اس کارروائی کا ابتک کچھ اثر نہیں ہوا
برابر بیل اور بھینسوں کی گاڑیاں بوجھ لدے ہوئے اوپر چلتے ہیں اور
سڑکیں خراب ہوتی ہیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

معرفت کوتوال شہر اول اس امر کی بذریعہ ڈھول منادی کرادیجاوے کہ ولکنشا
پارک کی سڑک اور نیز جدید سڑکوں پر بیل اور بھینسوں کی لدی ہوئی گاڑی
چلنے کی ممانعت ہے اور نیز جن سڑکوں پر کہ چار بجے شام سے یا صبح
کیوقت چھکڑے اور بہلی گاڑیوں کی ممانعت ہے معینہ وقت کے اندر
گاڑیاں بوجھ کی نہ چلیں ورنہ گاڑی والوں پر دفعہ ۱۸۸ تعزیرات ہند کا
الزام لگایا جاویگا اور ملازمان سڑک اور باغات اور پولیس ایسے
اشخاص کی گرفتاری کے مجاز ہونگے ملازمان باغات یا سڑک کے
معرفت اگر ایسے اشخاص گرفتار ہونگے تو وہ گاڑی معینہ دروازہ کے
سپرد کردینگے اور ملازمان گاڑی شخص گرفتار شدہ کو پولیس کے
حوالہ کردینگے یا پہونچادینگے۔ اور ایسے اشخاص کی نسبت
مجسٹریٹ فوجداری یا تحصیلدار حضور جنکے یہان مقدمہ جاوے

کیا جاوے یا مجسٹریٹ فوجداری حسب حیثیت جرم مرتکب ہونگے۔ ایک نقل
اس روبکار کی بغرض اطلاع درج گزٹ کیجاوے اور ایک نقل
خدمت میں صاحب چیف انجینئر صاحب ورکس کے بھیجی جاوے اور
بتوسط صاحب ...
احکام ضابطہ جاری ہوجاوین۔

روبکار اجلاس جنرل محمد اعظم الدینخان صاحب بہادر
سنہ ۱۸۹۰ء
وائس پریزیڈنٹ ریاست ٹونک مؤرخہ ۲۴ مارچ

بنظر دریافت حالات دیہات مناسب معلوم ہوا کہ ایک نقشہ
تحصیل میں ایسا رہنا چاہیے جو ہر ایک موضع کی مفصل
کیفیت حالات کو بتلا سکے بمقام ملاسیور جیسے ایک نمونہ
پیشانی نقشہ کا تجویز کیا۔ میرے خیال میں اگر اس
نمونہ کی خانہ پوری ٹھیک ٹھیک ہوجاوے تو بہت فائدہ
اس سے حاصل ہوگا۔ تیگا نجات سے گو اسکی
خانہ پوری میں بہت اعانت ملیگی۔ لیکن بہتر تو یہ ہے
کہ گرداور قانونگو ہونگا مگر گرداور سے ان مراتب کو موقع پر
تصدیق کرین اور خانہ پوری کرین جو باتیں خاص
طور پر کاغذ سے مدد لیسکتے ہوں اونکی مضائقہ
نہیں ہے۔ صاحب ریونیو ممبر بہادر اگر اسکو
پسند فرمائیں اور اتفاق فرمائیں تو یہ نمونہ درج گزٹ
کردیا جائے اور ہر ایک تحصیلدار کو اسکی تیاری کے بابت
ذمہ دار کیا جائے گرداور قانونگو سے اسکی تکمیل و ترتیب کے
ذمہ دار ہوں۔

حکم ہوا کہ

نقشہ نمونہ پیشانی بذریعہ روبکار ہذا خدمت میں

حسب رپورٹ صاحب بہادر کے مرسل ہو —
دستخط صاحب اکس پرنٹنڈنٹ بہادر

اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر واقعہ ۲۵ مارچ ۱۹۲۵ء

حکم از سے صاحب اکس پرنٹنڈنٹ بہادر سے اتفاق ہے
نمونہ نقشہ میں ترمیم ضروری ہے کر دی گئی ہے۔
ایسے نقشے سب تحصیلات میں جلد تیار ہونا چاہیئے۔

حکم ہوا کہ

نمونہ نقشہ مع نقل کا غذ نائب تحصیلداروں کے
پاس بھیجا جائے — کہ بحیاد نسبت یوم ایسے نقشے
بلاکون کے موقع پر دریافت کرکے تیار کریں۔ کاغذی
بنانا کچھ ضرورت نہیں ہے۔ تقسیم کام کی یوں ہونا مناسب
ہے۔ فیصدی (۱۵) موضع خود تحصیلدار دیکھیں
اور (۲۵) فیصدی نائب تحصیلدار اور (۵۰)
فیصدی گرداور قانونگوے اور (۵) فیصدی
رجسترار قانونگوے بنائیں — اور ہر تحصیل سے
(۵) فیصدی صدر قانونگوے دیہات کو دیکھکر
یہہ نقشے بنائیں — اور دریافت موقع پر بقدر امکان
و تحقیق اکتفا کیا جائے جو امور موقع پر حل نہ ہوں
وہ آخر میں کاغذ سے تکمیل ہو جائیگی —
ایک نقل مع نمونہ نقشہ صدر قانونگوے کو مرسل ہو
کہ اس نقشے کی تکمیل حسب تصریح حکم بلا عذر ہو جائے
کسی شخص کیطرف سے ذرہ بھی اگر اس نقشہ کی ترتیب
میں پہلو تہی ہو گے — تو اونکا عہدہ قائم نہ رہیگا

۲۵ مارچ ۱۹۲۵ء

شرح دستخط
سید علی حسن

اجلاس

روبکار اجلاس جنرل کمیٹی انتظام حفظ الصحت حیوانات ... ریاست رامپور انچارج نواب ... ممبر ...
واقع ۲۳ مارچ ۱۸۹۶ء

ڈاکٹر سید عبداللہ ڈاکٹر و صاحبزادہ سعادت یار خان سکریٹری میونسپلٹی حاضر اجلاس تھے اونکے بیان سے معلوم ہوا کہ ان مویشیان کی بابت جو مسلخ میں بعد داغ دہی ذبح ہوتے ہیں کوئی قاعدہ معین نہیں ہے لہٰذا حسب ذیل انتظام ہوا چاہیے۔

۱- سکریٹری میونسپل بورڈ کو کم سے کم ہفتہ میں دو مرتبہ مسلخ کو بنا بر نگرانی جانا چاہیے۔

۲- کوتوال یا نائب ہفتہ میں ایک مرتبہ جائے۔

۳- گرداور صفائی اور نائب گرداور کو کم سے کم ہفتہ میں دو مرتبہ جانا چاہیے۔

۴- چھ بجے صبح کے ڈاکٹر سید عبداللہ مسلخ پر ہو پہنچیں اور سات بجے وہاں سے بعد داغ لگوانے مویشیان کے رخصت ہو جاویں۔

۵- مویشی چھ بجے سے قبل وہاں پہنچیں اور سات بجے اگر مویشیان وہاں پہنچیں تو اوس روز داغ لگانا اور ذبح ہونا اونکا ملتوی کیا جائے۔

۶- اگر کسی مویشی میں بیماری نکلے تو وہ رجسٹر کے خانہ کیفیت میں لکھی جاوے

۷- ... کوتوال جو ... سات لکھا جاوے ایک رجسٹر ... کے ...

۸- مویشی جو پیش ہو کر جن پر داغ لگایا گیا ہو واپس ہوئے ہیں کیفیت مع دستخط معائنہ کنندہ کے دستخط اس کتاب میں درج ہوا کریں بروقت معائنہ۔

۹- داغ جو لگایا جاتا ہے صرف ایک عضو پر یعنی ... جانب راست پر لگایا جاوے۔

۱۰- جو مویشی ناپسند ہو کر واپس ہوں اونکے ... داغ لگایا جاوے ... شناخت ...

۱۱- داغ ڈاکٹر سید عبداللہ کے پاس رہنا چاہیے وہی اپنے ساتھ لاویں اور واپس ہی لیجاویں اور کبھی ضرورت کے وجہ سے کسی روز اگر سید عبداللہ کا جانا ملتوی ہو تو داغ ذریعہ قائم مقام یا گرداور صفائی یا سکریٹری بورڈ کے سپرد کر دیا کریں تاکہ جو اوسے کام میں ہرج واقع ہو۔

ایک نقل اس روبکار کی بغرض اندراج گزٹ واسطے اطلاع و تعمیل جملہ اہلکاران متعلقہ مرسل کیجائے۔

دستخط صاحب اجلاس پریذیڈنٹ بہادر

روبکار اجلاس سید علی حسن خان صاحب بہادر ریونیو ممبر کونسل تخمینی ریاست رامپور
واقع ۲۳ مارچ ...

بنظر مناسب حکم ہوا کہ

جملہ تحصیلداران کو بذریعہ پروانہ اطلاع دیجاوے کہ جب کوئی مقدمہ متنازعہ سرحد کا دائر ہو یا اوسکی نسبت مسٹر ... صاحب بہادر کی طرف سے کوئی تحریر اونکے پاس پہونچے اوسکا فیصلہ جلد ہونا چاہیے۔ روبکار ہذا درج گزٹ ہو۔

شرح دستخط

سید علی حسن

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر کونسل ریجنسی ریاست رامپور واقعہ تاریخ ۲۵ مارچ سنہ ۱۸۹۰ع

کاغذات معاملہ جو واسطے منہائی جمع سالانہ اراضی واقعہ کارسرکار کے پیش ہوتے ہین اونمین اکثر روپیہ کے ساتھ آنہ و پائی بھی ہوتے ہین اور منہائی جمع سالانہ معہ آنہ و پائی کے ہوتے ہین بنابرین طوالت اور ابتری حسابات کی معلوم ہوتی ہے - ہماری رائے مین مناسب ہے کہ رقوم کم از پچاس روپیہ مین روپیہ اور آنہ رہین پائی ترک کیجاوین اگر پائی چھ سے کم ہین تو چھوڑ دیجاوین اور اگر چھ سے زیادہ ہین تو ایک آنہ مان لیاجاوے اور رقوم زائد از پچاس روپیہ مین صرف روپیہ منہا ہونا چاہیے آنہ و پائی دونون خارج کیجاوین اسطرح سے کہ جو پائی کم چھوڑ دیجاوین اور جو پائی سے زیادہ مان لیاجاوے اور اسیطرح آٹھ آنہ سے کم چھوڑ دیجاوین اور آٹھ آنہ سے زیادہ روپیہ مان کر منہائی دیجاوے - لہذا حکم ہوا کہ سررشتہ دار صدر اہلکاران متعلق کی اطلاع کرادین - اور روبکار درج گزٹ ہووے

دستخط
علی حسن

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر کونسل ریجنسی ریاست رامپور واقعہ تاریخ ۲۵ مارچ سنہ ۱۸۹۰ع

معلوم ہوا کہ تنخواہ پٹواریان جو ماہوار تحصیلات کو جاتی ہے اوسکی تقسیم مین پوری توجہ منجانب تحصیلداران و قانونگویان نہین کیجاتی ہے اسوجہ سے رقوم کثیر بوجہ عدم تقسیم واپس ہوتے ہین اور پھر اوسکی واپسی کیواسطے علیحدہ علیحدہ مقدمات مرتب ہوتے ہین بہت طوالت بیفائدہ ہوتی ہے اسکا انسداد ضرور ہے ہمارا منشاء ہے کہ تحصیلداران و قانونگویان تقسیم تنخواہ پٹواریان مین پوری توجہ کرین اور جہانتک ممکن ہو اس امر کی کوشش کرین کہ تنخواہ ہر یک جندہ کو ماہواری ضرور پہونچ جاوے اگر کوئی پٹواری تاریخ معینہ پر حاضر ہوکر تنخواہ لینے مین کوتاہی کرے تو تحصیلدار مذکور کی طلبانہ کا حکم دیکر اوسکو طلب کرین اور اوسکی تنخواہ دیدین بہرحال ایسی کوشش کیجاوے کہ بلا وجہ معقول بوجہ غیرحاضری و غیرہ کی تنخواہ باقی از تقسیم نرہے اگر آئندہ ہم کسی تحصیل کی تنخواہ واپسی مین زیادہ دیکھینگے تو یہی خیال ہوگا کہ تحصیلدار و قانونگویون نے اسطرف توجہ نہین کی ہوگی اور یہ سبب ہماری ناخوشی کا ہوگا - لہذا - حکم ہوا کہ

بسبیل نقل روبکار ہذا بنام تحصیلداران کو لکھاجاوے کہ آئندہ تقسیم تنخواہ پٹواریان مین پوری توجہ کرین اور قانونگویون کو بھی حکم سے اطلاع دیکر رپورٹ تعمیلی بھیجدین روبکار درج گزٹ بھی ہووے -

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر کونسل ریجنسی ریاست رامپور واقعہ تاریخ ۲۵ مارچ سنہ ۱۸۹۰ع

اکثر دیکھا جاتا ہے کہ بعض عہدہ داران ریاست جو حسب ضرورت اپنی رخصت حاصل کرتے ہین وہ مابین رخصت اپنی مکرر درخواست توسیع رخصت کی بھیجتے ہین یہ طریقہ بالکل ناپسند ہے اور بدینجہت نامناسب معلوم ہوتا ہے کہ ایک رخصت کے مکرر مکرر درخواستیں کیجاوے یہہ ممکن ہے کہ مستدعی رخصت اول اپنی ضرورت کا اندازہ کرے اور اوسی حساب سے اول ہی مرتبہ رخصت حاصل کرے

حکم ہوا کہ

الغرض اطلاع عہدہ داران روبکار ہذا درج گزٹ کیاجاوے -

شرح دستخط
سید علی حسن

صفائی تحصیل شاہ آباد

قصبہ شاہ آباد میں جو کہ ایک عمدہ تحصیل ریاست کی ہے معمولی صفائی کی بابت
ایک کمیٹی قائم ہوئی ہے اور اس کمیٹی کی روئداد آنے پر جناب صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر نے
کمیٹی کی شکر گزاری فرمائی اور حکم دیا کہ جن دیہات میں صفائی عمدہ ہوگی
وہاں کے ساہوکار کو ایک سند دربارہ صفائی بتشخیص ممبر صاحبان کونسل عطا ہوا کریگا
اور مجھے حکم دیا کہ یہ کارروائی گزٹ میں طبع کرا دیجاوے - اسلئے طبع کی
جاتی ہے -

[illegible] سپرنٹنڈنٹ [illegible]

افعال سپیچ منجانب محمد احمد خانصاحب سکرٹری کمیٹی صفائی

اے ممبران کمیٹی شکر ہے اس خداوند تعالی کا کہ جسنے زمین
اور آسمان اور ہم سب خلایق کو پیدا کیا - اور تعریف ہے اوسکے رسول
مقبول صلعم کو کہ جسکی روشنی سے تمام جہان روشن ہوگیا اور انکی
آل اور اصحاب پر کہ جنکے نام قیامت تک دنیا میں باقی رہینگے -
بعدہ اور تھوڑی باتیں اس ریاست میں ہوتی جاتی ہیں جن سے خلایق کو
آرام ہو چنانچہ آج جو ہم سب جمع ہوئے وہ بھی ایک [illegible] ہے
یعنے اس علاقہ اور قصبہ کی صفائی کی کمیٹی قائم ہوئی اور ہمیشہ ایک جلسہ
ہوا کریگا آپ سب صاحبوں کو متوجہ ہونا چاہئے کہ جو جو تدبیریں یہاں صفائی
کے بارہ میں ہوں وہ آپ بیان کریں اور سب [illegible]
نام حاصل کریں اس صفائی پر تمام محال اور خاصکر قصبہ کی تندرستی کا
دار مدار ہے جہاں صفائی عمدہ رہتی ہے وہاں بیماری کا نام و نشان بھی
نہیں رہتا اور خاصکر وبائی مرضوں کا اثر بہت کم ہوگا چونکہ ہماری کونسل
نے بھی عمدہ تدبیریں ایجاد کرلی ہیں اور ہمارے تحصیلدار صاحب بھی [illegible] قائم کرنے
کی کوشش کرتے ہیں [illegible] ممبران کونسل اور [illegible]
اور تحصیلدار صاحب کا شکریہ ادا کرنا واجب ہے

العبد
محمد احمد خان سکرٹری کمیٹی

روئداد کمیٹی منعقدہ ۱۴ مارچ سنہ ۱۹۰۶ء

واقع تحصیل شاہ آباد

۱۴ - مارچ سنہ ۱۹۰۶ء روز جمعہ ۸ بجے صبح کے جلسہ کمیٹی منعقد ہوا
اگرچہ دوسرے جلسہ ممبران کو بذریعہ یاد داشت اطلاع دیگئی تھی لیکن
محمد امیر علی خانصاحب ممبر بوجہ عدم موجودگی قصبہ شریک جلسہ
نہوئے - ممبران ذیل شریک کمیٹی تھے -

ممبران ملازم ریاست	ممبران غیر ملازم
تحصیلدار صاحب شاہ آباد پریسیڈنٹ کمیٹی	محمد مبارک علیخان صاحب ممبر
محمد احمد خانصاحب سکرٹری کمیٹی	لالہ خیالی رام صاحب ممبر
حکیم گنگا پرشاد صاحب ممبر	[illegible] سید مصطفی علی ممبر
محمد انظر محرر صفائی حاضر جلسہ	چوبے پرماننده صاحب ممبر

اول یہ کہ صفائی بازار ضروری ہے عام اشخاص بازار کے
نالی وغیرہ میں پیشاب کرنیکے واسطے بیٹھ جاتے ہیں کہ جس
تعفن سے احتمال ترقی مرض کا ہے بعد بحث اور غور کمیٹی سے یہ
تجویز ہوئی کہ فی الحال چار گڈھے بازار سے علحدہ واسطے
پیشاب کرنے خلایق کے کھدوا دیے جاویں اور ان گڈھوں کی
صفائی کا تعلق خاکروبان صفائی سے ہو محرر صفائی نگرانی کریں
جگہہ حسب ذیل تجویز کی - صاحب صدر نشین نے بھی اتفاق کیا -
جانب شرق متصل کھائی محمد سبحان خان - جانب غرب متصل [illegible]
خوشحالی کھتی - جانب شمال متصل مکان رنگریز جانب جنوب
متصل مکان [illegible]
دویم یہ کہ اکثر گندہ گلی میلے رہتے ہیں اور [illegible] مکانات کے
پیچھے [illegible] وغیرہ پڑے ہوئے ہیں خاکروبان صفائی [illegible]